37708-روزے کی حالت میں قبرستان جانا

سوال

کیاروزے کی حالت میں ہمارے لیے قبرستان جانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

روزے کی حالت میں زیارت کے لیے قبرستان جانے میں کوئی مانع نہیں ، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان :

(اب زیارت کرنے جایا کرو) میں وقت کے اعتبار سے عموم ہے.جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہر جب چاہے جایا جاسکتا ہے ۔

ابوھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ.بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو فرمایا :

(آج صبح کس نے روزہ رکھا ہے ، توابو بکررضی اللہ تعالی عنہ کہنے لگے میں نے رکھا ہے ، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : تم میں سے آج جنازہ کے ساتھ کون گیا ہے ؟

توابو بکررضی اللہ تعالی عنہ کہنے لگے میں نے ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے : آج مریض کی عیادت کس نے کی ہے ، ابو بکررضی اللہ تعالی عنہ کہنے لگے میں نے ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے : تم میں سے آج صدقہ کس نے کیا ہے ؟

توابو بکررضی اللہ تعالی عنہ کہنے لگے میں نے ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے : جس میں بھی یہ اشیاء جمع ہوجائیں وہ جنت میں داخل ہوگا) ۔

صحیح مسلم ۔

واللہ اعلم.